دار الافتاء والقضاء — الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name	:	**Ashfaq Ahmed**	Serial No	:	**22989**
Address	:	**c 10 patel para gold street**	Date	:	**6/8/2014**
Subject	:	**Namaz e Maghrib**	Contact No:		
Writer	:	اسد اللہ قدیر	Email	:	

MODE: **Regular**

Assalam o elekum

Hazret Mear Question Yeh He k Maghrib ki namaz ka aakhri vaqt kya he kub qaza hoti he , Mujhe khuch logon ne kaha k jab Maghrib Ki Namaz Ke Vaqt jab aasman par Star Nazer aane lagen to Namaz Qaza ho Jati he , Janab Masjib Me to jo time Table he Namaz ka us me Maghrib ki Namaz ka intehaai vaqt Isha ki namaz se pehle tak likha hota he , Ab agar insan k Sath hoi Majbori ho jae aur voh maghrib ki namaz Star nikulne ke Baad parhe to kya voh Qaza me shumar hogi , Hadees ka havala bhi dijiye ga ,

میرا سوال یہ ہے کہ مغرب کی نماز کا آخری وقت کیا ہے کب قضاء ہوتی ہے؟ مجھے کچھ لوگوں نے کہا کہ جب مغرب کی نماز کے بعد آسمان پر ستارے نظر آنے لگیں تو نماز قضاء ہوجاتی ہے، جناب مسجد میں تو جو ٹائم ٹیبل ہے نماز کا اس میں مغرب کی نماز کا انتہائی وقت عشاء کی نماز سے پہلے تک لکھا ہوتا ہے اب اگر انسان کے ساتھ کوئی مجبوری ہوجائے اور وہ مغرب کی نماز ستارے نکلنے کے بعد پڑھے تو کیا وہ قضاء میں شمار ہوگی، حدیث کا حوالہ بھی دیجیئے گا۔

الجواب حامداً ومصلّیاً

مغرب کا وقت سورج غروب ہونے کے بعد سے لیکر شفق ابیض (آسمان کے کنارے سرخی کے غروب کے بعد سفیدی) کے غائب ہونے تک رہتا ہے جو کہ نقشہ اوقات میں درج حساب سے گھنٹہ یا سوا گھنٹہ بنتا ہے اور شفق کے غروب کے بعد نماز قضاء ہوجاتی ہے اور آسمان میں جب ستارے کثرت سے نظر آنے لگیں تو اسکے بعد نماز مغرب پڑھنا مکروہ تحریمی ہے اسلئے زیادہ ستارے ظاہر ہونے سے پہلے پہلے نماز مغرب پڑھ لینی چاہیئے بلا عذر نماز مغرب کو مؤخر نہ کرے، مغرب کے وقت سے متعلق ذیل میں حدیث ملاحظہ ہو۔

فی إعلاء السنن: عن أبي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن للصلاة أولاً وآخراً، وإن أول وقت صلاة الظهر حين تزول الشمس وآخر وقتها حين يدخل وقت العصر، وإن أول وقت العصر حين يدخل وقتها وإن آخر وقتها حين تصفر الشمس، وإن اول وقت المغرب حين تغرب

(جاری ہے)

الشمس وإن آخر وقتها حين يغرب الشفق، الحديث.

رواه الترمذي. اهـ (٢/٩)۔

في الدر المختار: (و) وقت (المغرب منه إلى) غروب (الشفق وهو الحمرة) عندهما. اهـ (١/٣٦١)۔

في الدر المختار: (و) أخر (المغرب إلى اشتباك النجوم) أي كثرتها (كره) أي التأخير لا الفعل لأنه مأمور به (تحريما) إلا بعذر كسفر. اهـ (١/٣٦٩)۔

في رد المحتار: تحت (قوله إلى اشتباك النجوم) هو الأصح (أي قوله) وفي الحلية بعد كلام: والظاهر أن السنة فعل المغرب فورا وبعده مباح إلى اشتباك النجوم فيكره بلا عذر اهـ

قلت: أي يكره تحريمًا. اهـ (١/٣٦٨)۔ والله أعلم بالصواب

عبد الله قدير عفي عنه
دار الافتاء جامعة بنورية سائٹ کراچی ٣٦
٦/ ربيع الثاني ١٤٣٦هـ

الجواب صحيح
بنده نادر جان عفا الله عنه
دار الافتاء جامعة بنوريه کراچی
٧/ ٤/ ١٤٣٦هـ

الجواب صحيح
بنده سيف [illegible]
دار الافتاء جامعة بنوريه کراچی
٨/ ربيع الثاني ١٤٣٦هـ

نائب رئيس دار الافتاء جامعة بنورية العالمية

رئيس دار الافتاء جامعة بنورية العالمية

دار الافتاء ٢٢٩٨٩ ١٤٣٦/٤/١٨هـ

31/1/15